فوری ریلیز کے لیے: 17/8/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے انٹر اسٹیٹس 84 اور 684 کو ملانے والے دو پلوں کی تبدیلی کے لیے $24.5 ملین کے پروجیکٹ کے آغاز کا اعلان کیا

نئے پل آمد و رفت کے اہم مرکز پر ٹریفک کی روانی برقرار رکھیں گے، صوتی آلودگی کم کریں گے اور مستقبل میں مینٹیننس کے اخراجات میں کمی لائیں گے

پروجیکٹ تحفظ میں اضافہ کرے گا، ٹریفک کی روانی بہتر بنائے گا اور ہڈسن ویلی کے اس اہم رابطے پر زیادہ لچکدار بنیادی ڈھانچہ تعمیر کرے گا

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ پٹنیم کاؤنٹی کے ٹاؤن آف ساؤتھ ایسٹ میں انٹر اسٹیٹ 84 کی مغرب کی سمت جانے والی سڑک سے انٹر اسٹیٹ 684 کی جنوب کی سمت جانے والی سڑک تک ریمپ پر واقع 59 سال پرانے دو پلوں کی تبدیلی کے لیے $24.5 ملین کے پروجیکٹ پر کام شروع ہو چکا ہے۔ یہ پروجیکٹ خستہ حال ڈھانچوں کی جگہ زیادہ چوڑے اور زیادہ لچکدار پل تعمیر کرے گا جو حفاظت میں اضافہ کریں گے اور نیو انگلینڈ اور زیریں ہڈسن ویلی کو ملانے والی اس اہم گزرگاہ پر مسلسل ہموار سفر کو یقینی بنائیں گے۔ مزید برآں، ماحول دوست انجینیئرنگ طریقہ کار استعمال کیے جائیں گے تاکہ پائیداری کو فروغ دیا جا سکے اور مقامی ماحولیاتی نظام کا تحفظ کیا جا سکے۔

"یہ پروجیکٹ ہڈسن ویلی بھر میں بنیادی ڈھانچے میں اہم سرمایہ کاریاں کرنے کے ہمارے مسلسل عزم کی ایک اور مثال ہے، جو ہماری کمیونٹیز کی ضروریات پر توجہ مرکوز کرتی ہیں، ہماری معیشت کو آگے بڑھاتی ہیں اور معیارِ زندگی کو بہتر بناتی ہیں،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "ان پرانے پلوں کی تبدیلی کے ذریعے ہم ایک اہم جنکشن کو جدید بنا رہے ہیں جس پر نیو یارک کے باشندے ہر روز انحصار کرتے ہیں، اور یہ یقینی بنا رہے ہیں کہ افراد اور اشیا کی نقل و حرکت جاری رہے اور ہماری کمیونٹیز ترقی کرتی اور خوشحال ہوتی رہیں۔"

اس کام میں دو پلوں کی تبدیلی شامل ہے، ایک انٹر اسٹیٹ 84 کے اوپر اور دوسرا انٹر اسٹیٹ 684 کے اوپر۔ نئے پل زیادہ مؤثر اور زیادہ چوڑے ریمپس کی سہولت فراہم کریں گے، جن کے کنارے بھی زیادہ چوڑے ہوں گے تاکہ ہنگامی گاڑیوں کے لیے جگہ فراہم کی جا سکے اور وفاقی حفاظتی معیارات پر پورا اترا جا سکے۔ نئے پلوں کی کلیئرنس بھی 16 فٹ، 6 انچ ہوگی، جو اصل ڈھانچوں سے زیادہ ہے، جس سے وہ جدید انٹر اسٹیٹ معیارات کے مطابق ہوں گے اور پلوں سے گاڑیوں کے ٹکرانے کے امکانات میں کمی آئے گی۔

ریاستی محکمہ ذرائع آمد و رفت (State Department of Transportation) کی کمشنر Marie Therese Dominguez (میری تھیریز ڈومنگیز) نے کہا، "محکمہ ذرائع آمد و رفت مستقبل کے لیے منصوبہ بندی اور تعمیرات کر رہا ہے نیز ہم جدت کو فروغ دینے اور زیادہ لچکدار ڈھانچے تعمیر کرنے کے لیے ہر دستیاب ذریعہ استعمال کر رہے ہیں جو نیو یارک کے آمد و رفت کے نیٹ ورک کو جدید بناتے ہوئے ہم سب کے لیے زیادہ مستحکم ماحول بھی تشکیل دے گا۔ یہ پروجیکٹس یہاں ہڈسن ویلی اور پوری ریاست نیو یارک میں ذرائع آمد و رفت کے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کے ثابت قدم اور تاریخی عزم کی مثال ہیں۔"

ماحولیاتی ذمہ داری کے حوالے سے محکمہ کے عزم کے تحت، ریمپس کے ساتھ پانچ ماحول دوست نباتاتی نالیاں نصب کی جائیں گی، جو گھنی نباتات سے ڈھکی ہوئی ہلکی ڈھلوان والی زمینی گزرگاہیں ہوتی ہیں، تاکہ بارش کے پانی کے بہاؤ کا انتظام کیا جا سکے، تلچھٹ کو روکا جا سکے، آلودہ مادوں کو فلٹر کیا جا سکے اور پانی کو قدرتی طور پر زمین میں جذب ہونے کا موقع دیا جا سکے۔ مزید برآں، یہ نالیاں طوفان کے دوران سفری لینز کے ساتھ پانی کے بہاؤ کو کم کریں گی جس سے سڑکوں کی بندش کا خطرہ کم ہوگا اور پلوں کی بنیادوں کو طویل مدتی کٹاؤ سے تحفظ ملے گا۔ نئے پلوں میں جوڑوں کے بغیر برج ڈیکس بھی شامل ہوں گے تاکہ صوتی آلودگی کم کی جا سکے، طویل مدتی مینٹیننس کے اخراجات میں کمی لائی جا سکے اور گاڑیوں کے لیے زیادہ ہموار سطح فراہم کی جا سکے۔ گرم مکس اسفالٹ بھی استعمال کیا جائے گا اور موقع پر موجود دیگر مواد کو جہاں قابل اطلاق ہو، ری سائیکل کرکے دوبارہ استعمال کیا جائے گا۔

تعمیراتی کام کے دوران، موٹر سواروں کو مرحلہ وار کام اور لینز کی تبدیلیوں کے ساتھ ریمپ کے مسلسل استعمال کی توقع رکھنی چاہیے۔ انٹر اسٹیٹس 84 اور 684 پر سفر کرنے والے افراد کو انہدامی کام کے لیے رات کے اوقات میں کئی بندشوں کی توقع رکھنی چاہیے۔ انٹر اسٹیٹ 684 کے اوپر پل کی تکمیل 2027 میں متوقع ہے اور انٹر اسٹیٹ 84 کے اوپر پل کی تکمیل 2028 تک متوقع ہے۔

امریکی سینیٹر Charles Schumer (چارلس شومر) نے کہا، "I-84 کی مغرب کی سمت جانے والی سڑک کو I-684 کی جنوب کی سمت جانے والی سڑک سے ملانے والے پل ہڈسن ویلی اور نیو انگلینڈ کے درمیان نہایت اہم رابطے ہیں۔ مجھے فخر ہے کہ میں نے اپنے دو جماعتی بنیادی ڈھانچہ اور روزگار کے قانون کے ذریعے $22 ملین سے زائد کی فنڈنگ حاصل کی تاکہ پٹنیم کاؤنٹی کے باشندوں کے لیے ان پرانے پلوں کو تبدیل کیا جا سکے۔ نئے، جدید پل لچک میں اضافہ کریں گے اور اس اہم گزرگاہ پر زیادہ ہموار اور محفوظ سفر کو یقینی بنائیں گے، جبکہ اچھی تنخواہوں والی تعمیراتی ملازمتیں بھی پیدا کریں گے۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے وفاقی فنڈز کو مؤثر انداز میں استعمال کرتے ہوئے ہڈسن ویلی میں زیادہ محفوظ مستقبل کی راہ ہموار کی۔"

ریاستی سینیٹر Pete Harckham (پیٹ ہارکھم) نے کہا، "اہم بنیادی ڈھانچے، جیسے ہماری سڑکوں اور پلوں، کی دیکھ بھال میری اولین ترجیحات میں شامل ہے کیونکہ ہم نیو یارک کی معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے کام جاری رکھے ہوئے ہیں۔ I-84 اور I-684 کے سنگم پر پلوں کی تبدیلی کا پروجیکٹ نہایت ضروری ہے اور اس سے ٹریفک کی ایک سنگین رکاوٹ ختم ہو جائے گی۔ میں گورنر Hochul (ہوکل)، ریاستی مقننہ میں اپنے ساتھیوں اور محکمہ ذرائع آمد و رفت کا شکر گزار ہوں کہ وہ ذرائع آمد و رفت کی حفاظت اور ہماری مستقبل کی اقتصادی ترقی کے لیے پُرعزم ہیں۔"

پٹنیم کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Kevin Byrne (کیون برن) نے کہا، "ہماری سڑکیں اور پل محض فرش اور اسٹیل سے کہیں بڑھ کر ہیں۔ یہ وہ روابط ہیں جو پٹنیم کاؤنٹی کی فیملیز کو ہمارے اسکولز، اسپتالوں، پارکس، کاروباری اداروں اور اُن تمام دیگر سہولیات سے بحفاظت جوڑتے ہیں جو یہاں زندگی کو ممکن بناتی ہیں۔ یہ سیاحوں کو ہڈسن ویلی کی جانب راغب کرتے ہیں، اقتصادی ترقیاتی کاموں کی معاونت کرتے ہیں اور لوگوں کو نیو یارک میں سرمایہ کاری کرنے کا اعتماد دیتے ہیں۔ کاؤنٹی کی سطح پر، ہم نے اپنے مقامی بنیادی ڈھانچے کی دیکھ بھال اور بہتری کے لیے تندہی سے کام کیا ہے، اور مجھے فخر ہے کہ پٹنیم کاؤنٹی میں اس وقت کوئی بھی ریڈ فلیگ پل رپورٹ نہیں کیا گیا۔ اسی کے ساتھ، انٹر اسٹیٹس 84 اور 684 ہمارے رہائشیوں، روزانہ سفر کرنے والوں اور مقامی معیشت کے لیے بدستور اہم گزرگاہیں ہیں۔ میں گورنر Hochul (ہوکل)، ہمارے ریاستی اراکینِ مقننہ اور ریاستی محکمہ ذرائع آمد و رفت کا شکر گزار ہوں کہ وہ خستہ حال بنیادی ڈھانچے کی تبدیلی، حفاظت اور قابلِ اعتماد کارکردگی میں بہتری اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہیں کہ یہ مصروف سڑکیں آنے والی کئی دہائیوں تک ہمارے خطے کی خدمت کرتی رہیں۔"

محکمۂ آمد و رفت کے بارے میں
ریاست نیو یارک کے محکمۂ آمد و رفت کا مقصد اور مشن آمدورفت کا ایک محفوظ، قابلِ بھروسہ، مساوی، اور لچکدار نظام فراہم کرنا ہے جو کمیونٹیز کو آپس میں مربوط کرے، معیارِ زندگی کو بہتر بنائے، ماحول کی حفاظت کرے، اور ریاست نیو یارک کی معاشی فلاح و بہبود کی کفالت کرے۔

زندگیاں داؤ پر ہیں؛ ہائی وے کے محنت کشوں کی خاطر آہستہ ہو جائیں اور آگے بڑھیں!

مزید معلومات کے لیے ہمیں Facebook پر تلاش کریں، ہمیں X پر یا Instagram پر فالو کریں، یا ہماری ویب سائٹ کا دورہ کریں۔ سفر کی تازہ ترین معلومات کے لیے، 511 پر کال کریں، www.511NY.org وزٹ کریں یا مفت 511NY موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔